# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: نعت | |


**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں۔
- شیٹ پر نظم "نعت" سے متعلق ایک ایک سوال لکھا ہو۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دی گئی شیٹ پر لکھا ہوا سوال دوسرے گروہ کے بچوں سے پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی پھر دوسرے گروہ کے بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود مشق کے سوال نمبر 1 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کو پہلے نعت کا مفہوم آسان الفاظ میں بتا دیں تاکہ بچے آسانی سے سوالات کے جواب دے سکیں۔

اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔

ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھا لیں۔

ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔

مشق میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔

مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔

بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر میز پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔

پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔

درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔

| |
|---|
| اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔جو گروہ زیادہ سوالات کے جوابات دے گا وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔<br>اب تختہ تحریر پر صفحہ نمبر9 پر سوال نمبر1 میں موجود تمام سوال لکھیں۔<br>بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔بچوں کی مدد سے درست جواب لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔<br>بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں نکالیں اور ان پر سوالات کے جوابات لکھیں۔<br>اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:(3منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5منٹ)** بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:(2منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: نعت | |
| **مقاصد:** درست لفظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔<br>کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔لفظی پرچیاں | | | |

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے نظم "نعت"" سے متعلق مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- یہ نظم کن کے بارے میں ہے؟
- اس نظم میں موجود آپ نے نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی کون کون سی خوبیوں کے بارے میں پڑھا ہے؟
- اس نظم کے شاعر کا نام بتائیں۔
- تمام سوالات کے بچوں سے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- درست جواب دینے پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھلوائیں اور متفرق بچوں سے کل کے پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک سے دوبار خاموشی سے نعت نظم پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران میں یہ دھیان رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کر پڑھ رہے ہیں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- خاموش پڑھائی کے بعد کچھ بچوں سے باآواز بلند متن کی پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کے دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے الفاظ ادا کر پا رہے ہوں نیز شعر ترنم سے پڑھتے ہوں۔
- مختلف بچوں کو نظم پڑھنے کا موقع دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھی ہوئی نظم (نعت) کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں دیں، جن پر لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پُر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں پر لکھا ہوا مصرعہ پڑھیں۔
- اس کے بعد پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست لفظ چن کر نامکمل مصرعوں میں لکھ کر مصرعہ مکمل کریں اور اس سے اگلا مصرعہ سوچ کر شعر مکمل کریں اور اس کا مفہوم گروہ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود مشق کے سوال نمبر 3 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دونوں کالموں میں موجود مصرعوں پر مشتمل پرچیاں تیار کر لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں دونوں گروہوں کو گروہ "الف" اور گروہ "ب" کا نام دیں۔ گروہ "الف" کو کالم "الف" پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ "ب" کو کالم "ب" کے مصرعوں پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اب کالم "الف" کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرعے کو بلند آواز میں پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروہ "ب" کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے اسی طرح تمام مصرعوں کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے ان کی کتاب کا کام مکمل کروائیں اور کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملوائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:(3منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان مصرعوں کی تکمیل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** نعت مبارکہ ﷺ سن کر نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی خصوصیات بیان کر سکیں۔

لائبریری سے نعتیہ کتاب منتخب کر کے اپنا پسندیدہ کلام پڑھ کر سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ پرچیوں کا ڈبا۔ ٹوکری،

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- ایک ایک پرچی اُٹھاتے جائیں، جس بچے کا نام نکلے اُسے نظم "نعت" میں سے اپنی پسند کا ایک شعر سُنانے اور پسندیدگی کی وجہ بتانے کو کہیں۔
- بچوں کو درسی کتاب سے دیکھ کر نظم "نعت" پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں تاکہ اشعار کے چناؤ میں آسانی ہو۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود سوال نمبر 4 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں اور ایک دوسرے کو بتائیں کہ نعت میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ "بادل" اور گروہ "دھنک" کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔

| |
|---|
| • اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود سوال نمبر 4 کے سوال کا جواب حاصل کریں۔<br>• درست جواب کے چار نمبر ہوں گے۔اس طرح جس جس گروہ کا بچہ درست جواب دے گا،اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے،وہ جیت جائے گا۔<br>• کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنالیں۔<br>• دونوں گروہوں کو لائبریری سے نعتوں پر مبنی کتابیں مہیا کریں۔<br>• بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپس میں بات چیت کے بعد اپنی اپنی کتاب سے اپنی پسند کی نعتیں منتخب کر لیں۔<br>• اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔<br>• نعتیں منتخب کرنے کے بعد بچوں سے ان کی پسندیدہ نعت جماعت کے سامنے پیش کرنے کے لیے کہیں۔<br>• درست لے، آہنگ اور ترنم سے پڑھنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:(3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا بھی اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5 منٹ)** متفرق بچوں سے ان کی پسندیدہ نعت سنیں۔ |
| **گھر کا کام:(2 منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: نعت | |
| **مقاصد:** الفاظ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔<br>ارکان روانی سے پڑھ سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ سرخ، سبز، سفید اور آسمانی | | | |
| **تحریکی سرگرمی:(5 منٹ)**<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔<br>• بچوں کو بتائیں آج ہم آپ کے ناموں سے متعلق ایک ایک جملہ بنائیں گے۔ | | | |

- اس کے لیے استاد پہلے اپنا نام لکھ کر اس کو جملے میں استعمال کر کے لکھیں۔
- اسی طرح چند بچوں کے ناموں سے جملے بنا کر بورڈ پر لکھیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اور اپنے بہن بھائیوں کے ناموں سے ایک ایک جملہ بنا کر سنائیں۔
- سب سے اچھے جملے بنانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر10 پر موجود سوال نمبر6 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر تمام الفاظ لکھیں اور بچوں کو ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔
- اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے تاکہ جملے بنانے میں آسانی ہو۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر10 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ" آسرا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست معانی پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر بھی کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے؟
- جو بچہ درست معانی بتائے گا اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر11 پر موجود سوال نمبر7 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص رنگ کا نام دیں۔
- اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق چاروں رنگوں سرخ، سبز، سفید اور آسمانی کی پرچیاں بنائیں اور باری باری بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے وہ اس رنگ کے گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔

| |
|---|
| • چاروں گروہوں کے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک کر کے سوال نمبر 7 میں لکھے ارکان روانی سے پڑھیں۔<br>• پڑھائی کے لیے وقت مخصوص کریں جو بچہ مقررہ وقت تک تمام ارکان نہ پڑھ سکے باری دوسرے گروہ کے بچے کو دے دی جائے۔<br>• اسی طرح چاروں گروہوں کے بچوں سے ارکان کی پڑھائی مکمل کروائیں۔<br>• اس کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:(3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5 منٹ)** اس کے بعد بچوں کی ذہنی جانچ کے لیے بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک طرف صفحہ نمبر 10 کے سوال نمبر 6 کے تمام الفاظ لکھیں اور دوسری طرف متفرق بچوں سے ان الفاظ کے جملے بورڈ پر لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق بھی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی


| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
|---|---|---|---|
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: نعت | |
| **مقاصد:** تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ پرچیوں کا ڈبا۔ چارٹ پیپر سے بنے ہوئے دو درخت۔ دو ٹوکریاں | | | |

## تحریکی سرگرمی:(5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ میز پر دو ٹوکریاں رکھ دیں ایک میں صرف مذکر یا مادہ چیزوں کے نام لکھ کر رکھیں۔ جیسے بکرا، بیٹا، لڑکا وغیرہ اور دوسری ٹوکری میں ان تمام چیزوں کی جوڑیوں کے نام لکھ کر رکھ دیں۔ چند بچوں کو بلا کر دونوں ٹوکریوں میں سے ایک ایک پرچی کو اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ کس کے پاس مذکر جانور یا انسان کے نام کی پرچی ہے اور کس کے پاس ان مذکر الفاظ کی جوڑی مونث یعنی بکری، بیٹی، لڑکی وغیرہ کی پرچی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ مذکر کسی بھی چیز، شخص یا جگہ کے نر ہونے کو کہتے ہیں اور مونث کسی بھی شخص، جگہ یا چیز کے مادہ ہونے کو کہتے ہیں۔
- بچے مذکر و مونث کے تصور سے واقف ہیں یہاں انھیں آج کی سرگرمی کے لیے تیار کرنا مقصود ہے۔




## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر10 پر موجود مشق کے سوال نمبر 8 کی سرگرمی کو مکمل کروانے سے پہلے بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنے ہوئے دو درخت لگا دیں ایک درخت پر فاصلے سے مذکر الفاظ لکھے ہوئے ہوں (بادشاہ، نانا جان، اور بھائی) اور دوسرے درخت پر انھی الفاظ کے مونث الفاظ لکھ دیں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ سے سے باری باری صرف مذکر الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- پھر دوسرے گروہ سے مونث الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- جو بچے درست تلفظ سے ان الفاظ کی ادائی کریں، انھیں شاباش دیں۔
- درسی کتاب کے صفحہ نمبر12 پر سوال نمبر 8 میں دیے پیراگراف کی بچوں سے پڑھائی کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا لیں۔
- بچوں کو سوال نمبر 8 میں موجود پیراگراف کی پڑھائی کرنے کو کہیں۔
- پہلے گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ اس پیراگراف کی پڑھائی کے دوران میں صرف مذکر الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔
- جب کہ دوسرے گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ پڑھائی کے دوران میں صرف مونث الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔
- پڑھائی مکمل ہونے پر مذکر الفاظ کے گرد دائرہ لگانے والے گروہ سے کہیں کہ وہ کتاب پر دائرہ لگائے گئے تمام الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔
- اسی طرح مونث الفاظ کے گرد ڈبا بنانے والے گروہ سے کہیں کہ وہ کتاب پر ڈبا لگائے گئے الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔
- اس کے بعد استاد تمام مذکر، مونث الفاظ کی جوڑیاں بنائیں اور بچوں سے ان جوڑیوں کی پڑھائی کروائیں۔
- سب سے درست کام کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ: (3منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ: (5منٹ)** بورڈ پر چند مذکر الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے مونث الفاظ لکھوائیں۔

**گھر کا کام: (2منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے پیراگراف میں سے مذکر اور مونث الفاظ کی جوڑیاں تلاش کر کے نیچے دی گئی جگہ پر لکھیں۔

چُھٹی کے دِن مَیں اپنے نانا جان اور نانی جان کے گھر گیا۔ وہاں میرے خالہ، خالو، ماموں جان اور ممانی جان رہتے ہیں۔ نانا جان نے اپنے گھر کے پچھلے حصّے میں بہُت سے جان ور پال رکھے ہیں، جن میں گائے، بَیل، بکرا اور بکری وغیرہ شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ مُرغا، مُرغی اور اُن کے بچّوں کے لیے ایک ڈربا بھی بنایا ہُوا ہے۔ مَیں نانا جان کے گھر جا کر اِن تمام جان وروں سے کھیلتا ہوں۔ اِس لیے مُجھے نانا جان اور نانی جان کے گھر جانا بہُت اچّھا لگتا ہے۔

| مذکر | مونث | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: نعت | |
| **مقاصد:** اشاروں کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔<br>کسی بھی موضوع پر تقریر کر سکیں۔<br>لائبریری سے پہیلیوں کی کتاب منتخب کر سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹیں | | | |

## تحریکی سر گرمی: (5 منٹ)

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

جماعت میں آنے سے پہلے لائبریری سے پہیلیوں پر مبنی چند کتابیں لے کر آئیں۔

- جماعت میں آنے کے بعد جماعت کے بچوں کو گروہوں کی صورت میں بٹھالیں۔
- بچوں کو لائبریری سے لائی گئی پہیلیوں کی کتابیں فراہم کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان میں سے پہیلیاں منتخب کریں اور ایک دوسرے کو سنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کون سی پہیلی پسند آئی ہے؟
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 12 پر موجود مشق کے سوال نمبر 9 کی سر گرمی مکمل کروانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہو۔ آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔
- آپ کا تحریر کردہ پیراگراف یا جملے بالکل درست املا اور موضوع کی مناسبت سے ہوں۔
- اب سوال نمبر 9 میں دیے ہوئے موضوع پر جملے لکھوانے کے لیے سوال نمبر 9 میں دیا گیا سوال بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔

- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو بولنے پر آمادہ کریں اور ان تمام معلومات کو ان کے اذہان میں تازہ کریں جو انھیں لکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔
- بچوں سے دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔
- یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔
- اب ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں تاکہ وہ دیے گئے موضوع سے متعلق پانچ پانچ جملے لکھ سکے۔
- اب لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر بچے کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور رہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر جماعت کے متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلوائیں اور اپنے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کو کہیں۔
- اب ہر بچے کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کی جانب سے لکھے گئے جملے جن میں اچھے الفاظ کا چناؤ کیا گیا ہو ان کو بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ان جملوں کو کاپی میں لکھیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 12 پر موجود سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ: (3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا بھی اعادہ کروائیں۔

**جائزہ: (5 منٹ)** متفرق بچوں سے کتاب میں دیے گئے موضوع سے متعلق بورڈ پر جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام: (2 منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**دیے گئے اشاروں کی مدد سے چند جملے لکھیں۔**

